حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ حیض و نفاس سے پاک تھیں؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حیض و نفاس سے پاک تھیں؟

جواب

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں! ایسی روایات موجود ہیں جس میں بیان کیا گیا ہے کہ حضرت سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا اس عارضہ سے پاک تھیں۔

کنزالعمال میں ہے: ”ابنتي فاطمة حوراء آدمية لم تحض، ولم تطمث، وإنما سماها فاطمة لأن الله فطمها و محبيها عن النار“ یعنی: میری بیٹی فاطمہ بنی آدم کی حور ہے اس کو حیض نہیں آتا، اس کا نام فاطمہ اس لیے رکھا، کیوں کہ اللہ تعالی نے اس کو اور اس سے محبت کرنے والوں کو جہنم کی آگ سے بچایا ہے۔ (کنزالعمال، جلد 12، صفحہ 109، مطبوعہ: بیروت)

مذکورہ حدیث مبارکہ کے متعلق الامن والعلی میں ہے: ”ای: ان ابنتی حوارا ء فی بنی آدم منزھۃ عن النجاسات التی تعرض النساء“ یعنی: مراد یہ ہے کہ میری بیٹی بنی آدم میں حور کی طرح ہے جو ان نجاستوں سے پاک ہے جو عورتوں کو لاحق ہوتی ہیں۔ (الامن والعلی، صفحہ 387، مطبوعہ: دار اھل السنۃ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2245

تاریخ اجراء: 08 رجب المرجب 1446ھ / 09 جنوری 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net